## رمضان المبارک میں زکوٰۃ فطرے کے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تاکہ غریب و مستحقین کی زیادہ سے زیادہ امداد کی جاسکے۔عوام سے الطاف حسین کی اپیل

## انسانیت کی خدمت کا دوسرا نام ''خدمت خلق فاؤنڈیشن'' ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔13 ستمبر 2008ء۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ رمضان المبارک میں زکوٰۃ فطرے کے عطیات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تاکہ غریب و مستحقین کی زیادہ سے زیادہ امداد کی جاسکے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ قدرتی آفات ہوں یا حادثات ہوں ہر موقع پر خدمت خلق فاؤنڈیشن متاثرین کی بلاامتیاز خدمت میں پیش پیش رہتی ہے، خدمت خلق فاؤنڈیشن نے اکتوبر 2005ء میں آزاد کشمیر اور صوبہ سرحد میں آنے والے قیامت خیز زلزلے کے موقع پر بھی متاثرین کی جس قدر بڑے پیمانے پر امداد کی ہے وہ تاریخ کا حصہ بن چکی ہے ۔انہوں نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی خدمات کا دائرہ پاکستان ہی نہیں بلکہ بیرون ممالک تک پھیلا ہوا ہے،انسانیت کی خدمت کا دوسرا نام ''خدمت خلق فاؤنڈیشن'' ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ویسے تو خدمت خلق فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں کا سلسلہ سال بھر جاری رہتا ہے مگر خدمت خلق فاؤنڈیشن ہر سال رمضان المبارک میں خاص طور پر ایک بڑے امدادی پروگرام کے ذریعے سینکڑوں غریب و مستحق بیواؤں، یتیموں اور مسکینوں میں امدادی سامان غذائی اشیاء بھی تقسیم کرتی ہے تاکہ وہ بھی عید کی خوشیاں مناسکیں اور اپنے پیروں پر کھڑے ہوسکیں۔ جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی تمام تر فلاحی سرگرمیاں عوام کے عطیات کی بدولت ہی جاری ہیں لہٰذا عوام اپنے زکوٰۃ ،فطرہ کے عطیات اور صدقات خدمت خلق فاؤنڈیشن کو دیں تاکہ غربت اور فاقہ کشی کا شکار لوگوں کی زیادہ سے زیادہ مدد کی جاسکے۔انہوں نے عوام سے یہ بھی اپیل کی کہ وہ عطیات دیتے وقت رسید ضرور حاصل کریں۔

## ایم کیو ایم الیکشن سیل کے رکن سیف یار خان کی والدہ اور ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن عبدالرؤف کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13 /اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کے مرکزی الیکشن سیل کے رکن سیف یار خان کی والدہ محترمہ ریحانہ یوسفی اور ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر کے کارکن عبدالرؤف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔علاوہ ازیں رابطہ کمیٹی نے بھی سیف یار خان کی والدہ اور کارکن عبدالرؤف کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت میں اعلیٰ مقام عطا اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13 /اگست 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ناظم آباد سیکٹر یونٹ 184 کے کارکن ماجد کے بھائی عابد حسین ولد سید عاصم حسین، نیو کراچی سیکٹر یونٹ 143/A کے کارکن محمد شاہد راجہ کی والدہ محترمہ مقصوداً، نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے کارکن سہیل قریشی کی زوجہ محترمہ سحر سہیل اور ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 147 کے کارکن عقیل احمد کی والدہ محترمہ انوری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کل بروز اتوار سوسائٹی ریزیڈینٹس کمیٹی کے زیراہتمام پی ای سی ایچ سوسائٹی کے عثمانیہ گراؤنڈ میں منعقد کی جانے والی دعوت افطار سے ٹیلیفونک خطاب کریں گے

کراچی۔۔۔13 ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کل بروز اتوار سوسائٹی ریزیڈینٹس کمیٹی کے زیراہتمام منعقد کی جانے والی دعوت افطار سے ٹیلیفونک خطاب کریں گے۔دعوت افطار پی ای سی ایچ سوسائٹی کے عثمانیہ گراؤنڈ میں منعقد ہوگی۔جناب الطاف حسین ملک کی موجودہ صورتحال کے بارے میں اہم خیالات کا اظہار کریں گے ۔دعوت افطار کے سلسلے میں علاقے کے معززین کو دعوت نامے پہنچائے گئے ہیں۔سوسائٹی ریزیڈینٹس کمیٹی کے انچارج ارشد وہرہ اور اراکین کمیٹی نے مدعوئین سے اپیل کی ہے کہ وہ پابندی ءوقت کا خاص خیال رکھیں۔

☆☆☆☆☆